# دفتر افسر اعلی تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

### جامعہ ملیہ اسلامیہ کے چار طلبہ انجینئرنگ کے میدان میں روپا راہل بجاج اسکالرشپ برائے خواتین کے لیے منتخب

New Delhi, May 14, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کی چار طالبات بجاج آٹو لمٹیڈ کی انجینئرنگ کے میدان میں پہل موقر روپا راہل بجاج اسکالرشپ برائے خواتین کے لیے منتخب ہوئی ہیں۔اس کا مقصد اہم تکنیکی علوم میں انجینئرنگ کی تعلیم کو جاری رکھنے میں ہونہار طالبات کو بااختیار بنانا ہے۔

اسکالرشپ پروگرام میں چار سال میں آٹھ لاکھ کی مالی اعانت کی فراہمی اس کے ساتھ ساتھ صنعت کو دیکھنے سمجھنے کے مواقع، مینٹورنگ کے مواقع، زندگی کی مہارتوں کی تربیت اور نئی مینوفیکچرنگ ٹکنالوجی کو سمجھنا شامل ہے۔یہ پہل ہندوستان کی مینوفیکچرنگ اور متعلقہ شعبوں میں خواتین ماہرین کی شرکت کو مضبوطی فراہم کرنا چاہتی ہے۔

درج ذیل طالبات نے انتہائی مقابلہ جاتی اور باوقار اسکالرشپ حاصل کی ہے:

ایک۔ادیبہ فاطمہ، ڈپارٹمنٹ آف الیکٹریکل انجینئرنگ۔چھتیس ہزار چھپن روپے

دو۔صوفیہ انصاری، ڈپارٹمنٹ آف الیکٹرانکس (وی ایل ایس آئی ڈیزائن اینڈ ٹکنالوجی) ایک لاکھ باون ہزار آٹھ سو پچھہتر روپے۔

تین۔ہبا صالحہ کے، ڈپارٹمنٹ آف میکانیکل انجینئرنگ۔پچاس ہزار سات سو پچیس روپے۔

چار۔صوفیہ صید، ڈپارٹمنٹ آف الیکٹریکل انجینئرنگ۔انیس ہزار دو سو پچیس روپے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ سے طلبہ کا منتخب ہونا، یونیورسٹی کے فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹکنالوجی میں علمی فضیلت اور صلاحیتوں کے نشو ونما اور انہیں پروان چڑھانے کی مخلصانہ کوششوں کا غماز ہے۔

یونیورسٹی انتظامیہ نے منتخب طالبات کو مبارک باد دی ہے اور ان کے علمی و پیشہ ورانہ زندگی میں مزید کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ